برمنگھم میں جامعہ کے معاون بزرگ شخصیت احمد عبداللطیف کا انتقال پُرملال

برمنگھم میں جمعیت اہل حدیث کے بانی اراکین میں سے اور مسجد اہل حدیث وٹن (برمنگھم) کے مؤسس احمد عبداللطیف گزشتہ مہینے مختصر علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ گرین لین کی مرکزی جامع مسجد اہل حدیث میں ان کی نماز جنازہ امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ مولانا عبدالہادی العمری نے پڑھائی۔

جمعیۃ المناھل الخیریہ گوجرانوالہ کے مسئول قسم المشاریع جناب محمد عارف کو صدمہ

انجینئر میاں عبدالمجید پٹوی مرحوم کی بہو اور جمعیۃ المناھل الخیریہ گوجرانوالہ کے مسئول قسم المشاریع انجینئر میاں محمد عارف کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک، صوم وصلوٰۃ کی پابند اور صابرہ وشاکرہ خاتون تھیں۔ نماز جمعہ کے بعد مرحومہ کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں حافظ عبدالغفور جہلمی نے پڑھائی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے فون پر انجینئر محمد عارف سے اظہار تعزیت کیا اور مرحومہ کی بلندی درجات کیلئے دعا کی۔

مینجر ہفت روزہ ''اہل حدیث'' لاہور قاری محمد یٰسین طٰہٰ کو صدمہ

مینجر ہفت روزہ ''اہل حدیث'' لاہور کی والدہ محترمہ 3 جون بروز منگل وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی صالحہ، نیک طینت، صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب بیدار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ قاری محمد یٰسین طٰہٰ نے خود پڑھائی جس میں علماء کرام، احباب جماعت اور مختلف طبقہ ہائے فکر سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مرحومہ کی غائبانہ نماز جنازہ حافظ عبدالغفور جہلمی نے پڑھائی۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کی طرف سے ہفت روزہ ''اہل حدیث'' کی توسیع اشاعت پر اعزازی شیلڈ دی گئی

گزشتہ دنوں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی کوشش سے جہلم میں ہفت روزہ ''اہل حدیث'' کی ایجنسی بڑھا دی گئی۔ اس سلسلہ میں مورخہ 11 مئی مرکزی شوریٰ کے اجلاس میں امیر مرکزیہ پروفیسر ساجد میر اور ناظم اعلیٰ حافظ عبدالکریم کی طرف سے رئیس الجامعہ کی جدوجہد کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ پیش کی گئی۔ رئیس الجامعہ چونکہ بیرون ملک دورہ پر تھے تو مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق اور حافظ عبدالغفور جہلمی نے یہ اعزازی شیلڈ حاصل کی۔ اس موقع پر اجلاس میں راجہ انار گل ایڈووکیٹ، صدیق احمد یوسفی اور محمد ارشد سیٹھی بھی موجود تھے۔